# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 07:40 /PM

**Date: 29 July 2026**

آداب...

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔۔

خبروں کا بلیٹن لیکر ہیں سنجیو کمار

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

..........

ہیڈلائنز

1۔۔۔۔ پبلک ایگزامنیشنز ترمیمی بل 2026 لوک سبھا میں منظور

2۔۔۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کے تمام خطوں کی شمولیاتی اور مساوی ترقی کو یقینی بنانے کا دہرایا عزم۔

3۔۔۔چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے یوٹی میں نبارڈ کے تحت عملائے جارہے 4 ہزار 3 سو کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کی پیش رفت کا لیا جائزہ۔

اور

4۔۔۔۔ بال تل کے راستے سالانہ شری امرناتھ جی یاترا جاری // چھڑی مبارک دشنمی اکھاڑہ سرینگر سے پہنچ گئی پہلگام۔

..........

بل منظور

لوک سبھا نے پبلک امتحان میں غلط طور طریقوں کی روکتھام سے متعلق ترمیمی بل 2026 کو منظوری دی ہے۔ اس بل کا مقصد پبلک امتحان میں غلط طور طریقوں کی روکتھام سے متعلق ترمیمی ایکٹ 2024 میں ترمیم کرنا ہے۔ اس قانون میں کئی اہم التزامات شامل ہیں، جن میں مجرموں کو دس سال تک قید کی سزا، دس کروڑ روپے تک کا جرمانہ اور سزا یافتہ افراد کی جائیداد ضبط کرنے جیسی سخت سزائیں ہیں۔ اس قانون کے تحت سبھی ریاستی حکومت اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی انتظامیہ خصوصی فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کرے گی، تاکہ مقدمات کی روزانہ سماعت ہو سکے۔ بل پر

ہوئی بحث کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جیتیندر سنگھ نے کہا کہ بل میں ترمیم لائی گئی ہے تاکہ قانون کو مزید سخت بنایا جائے اور تیز تر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ نیا بل حکومت کی طرف سے طلبا اور نوجوانوں کے مفادات کو تحفظ دینے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

..........

امت شاہ

دریں اثناء وزیر داخلہ امت شاہ نے یہ بل منظور ہونے پر ملک کے ہر ایک طالب علم کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس بِل سے نوجوانوں کی توقعات کو تحفظ حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ پبلک امتحانات کا تقدس پامال کرنے والوں کو سخت سزا دلانے کی گنجائش موجود ہے۔

..........

پارلیمنٹ

اُدھر راجیہ سبھا کی کارروائی نیٹ معاملے پر احتجاج کرنے والے طلباء پر پولیس کی مبینہ کارروائی کے معاملے کو لیکر حزب اختلاف کے شور وغل کے چلتے **2** بجے تک ملتوی کرنا پڑی۔ پہلے التویٰ کے بعد کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو راجیہ سبھا چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے وقفہ سوالات شروع کرنے کی کوشش کی لیکن حزب اختلاف کے ارکان نے نعرہ باری جاری رکھی اس کے بعد چیئرمین نے کارروائی کو اڑھائی بجے تک کیلئے ملتوی کر دیا۔ بعد میں ایوان بالا نے پروینشن آف انسلٹس ٹو نیشنل آنر بل **2026** کو منظوری دی۔ مجوزہ قانون کی رو سے وندے ماترم کو بھی قومی ترانے 'جنہ گنہ منہ' کے برابر کا وقار حاصل ہوگا۔

..........

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کے ہر خطے کی شمولیاتی اور مساوی ترقی کو یقینی بنانے کے حکومت کے عزم کو دہرایا ہے، تاکہ ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب ہوسکیں۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج سول سیکریٹریٹ سرینگر میں کئی ارکان قانون سازیہ کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ ان ارکان نے اپنے اپنے حلقوں کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات کو اجاگر کیا۔ وزیر اعلیٰ نے ارکان کو یقین دلایا کہ اجاگر کئے گئے معاملات کو ترجیحی بنیاد پر حل کیا جائے گا۔

..........

سکینہ ایتو

صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران صحت وطبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم محکمہ کی طرف سے عملائی جارہی متعدد فلیگ شپ سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھتے ہوئے منظور شدہ پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں تا کہ بنیادی ڈھانچہ مستحکم ہونے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو بہتر سہولیات دستیاب ہوسکیں۔ دریں اثنا قانون ساز اسمبلی کی اسٹیمیٹس کمیٹی کی ایک میٹنگ نذیر احمد خان کی صدارت میں منعقد ہوئی جس دوران صحت وطبی تعلیم محکمہ کے کام کاج کا جائزہ لیا گیا۔

..........

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے اور کل شام تک مجموعی طور ساڑھے **4** لاکھ سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے تھے۔ آج شام تک **6** ہزار **114** یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔ پہلگام راستے پر مرمت کا کام جاری ہے جس کے چلتے اس روٹ سے یاترا عارضی طور پر بند ہے۔ اسی بیچ آج بھگوتی نگر جموں کے بنیادی کیمپ سے **2** ہزار **51** یاتریوں پر مشتمل **22** واں قافلہ وادی پہنچا۔

..........

چھڑی مبارک

شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں آج صبح چھڑی مبارک کو سرینگر کے دشنمی اکھاڑہ سے مہنت دپیندر گری کی قیادت میں پہلگام کی طرف روانہ کیا گیا ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ پہلگام پہنچنے پر چھڑی مبارک کا بھومی پوجن ہوا جس میں شردھالوؤں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے مہنت دپیندر گری نے کہا۔۔

-----**Byte**------

..........

گرو پورنما

ملک بھر میں آج گرو پورنما کا تہوار منایا جارہا ہے۔ یہ دن روحانی گروؤں کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا سپیکر اوم برلا اور وزیر داخلہ امت شاہ نے اس دن کی ماسبت سے ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی انسانیت کے اقدار کو بڑھاوا دینے میں گروؤں کے رول کو اہم قرار دیتے ہوئے لوگوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران نبارڈ کے **4** ہزار **3** سو کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ **RIDF** جموں وکشمیر میں دیہی بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کیلئے ادارہ جاتی فائنانس دستیاب کرانے کا اہم ذریعہ ہے۔ چیف سیکریٹری نے محکموں کو ہدایت دی کہ وہ تمام صورتوں میں مکمل پروجیکٹوں کو تیار رکھیں تاکہ انہیں وقت پر نبارڈ کو پیش کیا جاسکے اور وقت پر ان پروجیکٹوں پر کام کیا جاسکے۔ چیف سیکریٹری نے بہتر نتائج کی حصولیابی کیلئے بین محکمہ جاتی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

**..........**

فلم فیسٹیول

جموں وکشمیر میں **7** ستمبر سے **10** ستمبر تک منعقد ہونے والے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں وکشمیر **2026** میں عالمی سطح کے فلم ساز کافی دلچسپی لے رہے ہیں اور اب تک **50** ملکوں سے تعلق رکھنے والے فلم سازوں نے **875** فلمیں داخل کئے ہیں۔اس فیسٹیول کیلئے فلمیں داخل کرنے کی کل آخری تاریخ ہے۔اس فیسٹیول کا انعقاد محکمہ اطلاعات ورابطہ عامہ جموں وکشمیر نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کے اشتراک سے کررہا ہے۔

**..........**

Break

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن **News on AIR** اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

**..........**

**PM** مہم

وزیراعظم نریندر مودی **2** اگست کو نشہ مکت یوا فاروکست بھارت مہم کی شروعات کریں گے۔امورنوجوان اور کھیل کود کے وزیر منسکھ منڈاویہ نے کہا کہ افتتاحی تقریب میں ایک کروڑ سے زائد شرکا شامل ہوں گے۔سو ہفتوں پر مشتمل اس قومی سطح کی جن بھاگیہ داری مہم کا مقصد نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنا ہے۔مہم کے تحت ہر اتوار کو نشہ مکت عہد دلایا جائے گا اور نوجوانوں کیلئے بیداری پروگرموں اور کمیونٹی ریلیز کا انعقاد کیا جائے گا۔

**..........**

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جموں کشمیر کی شناخت، انفرادیت اور تہذیب وتمدن کے ساتھ ساتھ زبان کو تحفظ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آج ٹیگور ہال سرینگر میں رورل ڈیولپمنٹ کی طرف سے منعقدہ یوم والدین تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دور جدید میں بچوں کی اخلاقی تربیت پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ انہیں مختلف بدعات سے دور رکھا جاسکے۔ دریں اثنا پارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج گوجوارہ علاقے میں اپنی نوعیت کے پہلے آیوش سیٹلائٹ او پی ڈی کا افتتاح کیا۔

..........

ست شرما

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج راجیہ سبھا میں جموں وکشمیر یوٹی میں عملائی جارہی پردھان منتری آواس یوجنا اربن کی عمل آوری سے متعلق معاملہ اجاگر کیا۔ اُن کے سوال کے جواب میں مکانات وشہری ترقی کے وزیر مملکت توکھن ساہو نے جانکاری دی کہ جموں وکشمیر میں 45 ہزار 982 مکانات منظور کئے گئے ہیں، جن میں پی ایم اے وائی یو دوم کے تحت 2 ہزار 120 مکانات بھی شامل ہیں، اُن میں سے اب تک 35 ہزار 961 مکانات مکمل کئے جاچکے ہیں۔ دریں اثناء پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران سمرستا یاترا اور سن سمپرک ابھیان کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

..........

الطاف ٹھاکر

بی جے پی جموں کشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے آج سرینگر میں ایک پریس کانفرنس کے دوران وزیراعلیٰ عمر عبداللہ اور پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی پر الزام لگایا کہ وہ حقیر مقاصد کیلئے منفی سیاست سے کام لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ دونوں لیڈر بار بار پیلٹ متاثرین کی بات کررہے ہیں جبکہ بقول الطاف ٹھاکر وہ دونوں اپنے دور اقتدار میں پیش آئے واقعات پر خاموش ہیں۔

..........

منشیات

پولیس نے شوپیان میں منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے آج کاٹھوہالن کے نذیر احمد لون نامی ڈرگ سمگلر کے رہائشی مکان کو اٹیچ کردیا ہے۔ اس مکان کی قیمت 18 لاکھ 76 ہزار روپے

بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے ہندوارہ گورنمنٹ ہائرسیکنڈری اسکول گنڈچھبوترا میں نئے فوجداری قوانین سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا،جس میں کافی تعداد میں پولیس افسران،اساتذہ اورطلباء نے شرکت کی۔

..........

تلاشی کارروائی

کولگام سے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ حفاظتی عملے نے آج تانترے پورہ۔سُرسنوعلاقے میں باغاتی علاقے سے ایک مشترکہ تلاشی کارروائی کے دوران کافی مقدار میں اسلحہ اورگولی بارود برآمد کیا ہے۔

..........

یونیورسٹی

یونیورسٹی آف کشمیر کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی طرف سے کیٹاگری وَن کا درجہ حاصل ہوا ہے۔اس اہم پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسرنیلوفرخان نے کہا کہ کیٹاگری وَن کا درجہ حاصل کرنا پوری یونیورسٹی کیلئے باعث افتخار ہے۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی میں تحقیق،اختراعیت اورتعلیمی سرگرمیوں کومزید بڑھاوادیا جائے گا۔

..........

پاسپورٹ کرگل

پاسپورٹ سیواپروجیکٹ کے تحت ریجنل پاسپورٹ آفس سرینگر کی موبائل پاسپورٹ وین 31 جولائی تک ٹورسٹ فیسلٹیشن سینٹر بماتھانگ کرگل میں موجود رہے گی۔خواہشمندافراد پاسپورٹ خدمات حاصل کرنے کیلئے موبائیل پاسپورٹ وین ٹیم کے ساتھ رابطہ کرسکتے ہیں۔

..........

پروجیکٹ

حکومت نے یارون شادی مرگ پلوامہ میں کھوصاحب چشمے کو ترقی دینے کیلئے 6 کروڑ 30 لاکھ روپے کے پروجیکٹ کو منظوردی ہے۔وزیراعلیٰ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ پروجیکٹ کی بدولت اس اہم مقام پر بنیادی ڈھانچے کوتقویت ملنے کے ساتھ ساتھ اس کی شان رفتہ بحال کرنے میں بھی مدد ملے

گی۔واضح رہے کہ حکومت نے حال ہی میں شوپیان کی تاریخی جامع مسجد اوررام بن میں سرو ادھر چومنڈا ماتا مندر کی بحالی کے لئے 16 کروڑ 36 لاکھ روپے کے پروجیکٹوں کو بھی منظوری دی تھی۔

..........

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے ایک طویل عرصے سے زیر سماعت بھرتی سے متعلق دھوکہ دہی کے ایک معاملے میں ملزم کو سزا دلوانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔تیرہویں فائنانس کمیشن کی ایک خصوصی عدالت نے بڈگام کے رہنے والے نذیر احمد ملک نامی ایک شخص کو قصوروار قرار دیتے ہوئے سزا سنائی ہے۔مذکورہ شخص پر جعلی تعلیمی اسناد کا استعمال کر کے انڈین ریزرو پولیس میں دھوکہ دہی سے کانسٹیبل کی نوکری حاصل کرنے کا الزام ہے۔

..........

سولر پینل

جموں وکشمیر میں 8 ہزار 181 سرکاری عمارتوں کی چھتوں پر سولر پینل نصب کئے گئے ہیں جن سے 85 میگاواٹ کی توانائی پیدا ہورہی ہے۔اس طرح جموں وکشمیر ملک کی 31 ریاستوں اور یوٹیز میں اس پروگرام کی عمل آوری میں تیسرے نمبر پر ہے۔اس بات کی جانکاری سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران سائنس وٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما کو دی گئی۔وزیر موصوف نے اس حصولیابی اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے توانائی کی بچت کو یقینی بنانے کیلئے مذکورہ اسکیم کو مزید وسعت دینے کی ہدایت دی۔

..........

صوفی تقریب

کشمیری صوفی گلوکار فورم اوراحدم زرگر میموریل ریسرچ فاؤنڈیشن کی طرف سے کل ٹیگور ہال سرینگر میں 'بیاد نعمہ صاب' محفل موسیقی کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں وادی کے نامور صوفی گلوکار نعمہ صاب کا کلام پیش کریں گے۔ادھر ساگر کلچرل فورم ژکرپٹن نے آج بابا ریشی ٹنگمرگ میں دوروزہ ادبی کانفرنس کا آغاز کیا گیا۔

..........

ڈی سیز

اب مختلف ضلعوں کی کچھ مختصر خبریں۔

۔۔۔۔ایم ایل اے دیوسر پیرزادہ فیروز احمد نے آج ڈی سی کولگام شہزاد عالم کے ہمراہ درگنڈ،بنگڈار

اور دیگر علاقوں کا دورہ کرکے وہاں کل بادل پھٹنے سے پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر انہوں نے متاثرین میں ریلیف بھی تقسیم کی۔

۔۔۔ڈی سی بڈگام اطہر عامر خان نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں عملائی جاری PM سوریہ گھر مفتی بجلی یوجنا کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اس اسکیم کے دائرے میں لائیں۔

۔۔۔شوپیان کے ضلع ترقیاتی کمشنر ششر گپتا کی صدارت میں آج ضلع سطح کی NCORD کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی، جس دوران ضلعے میں منشیات کے خلاف کیئے جارہے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ منشیات کے خلاف سرگرمیوں میں تیزی لائیں تاکہ سماج کو اس بدعت سے پاک کرایا جاسکے۔

..........

عرس

حضرت شیخ کامل بابا علی والی رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس 30 جولائی جبکہ حضرت نجم الدین الکبری رحمتہ اللہ علیہ کا عرس یکم اگست کو منایا جارہا ہے۔

..........

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 25.7 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20.8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22.6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 41 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 34 منٹ پر ہوگا۔

..........

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔

..........